ہی اہم بات کا ذکر کر سکے ہیں۔ کم از کم مبصر کو دوسری بات نہیں مل سکی شاید وہ حذف ہوگئی۔

زیر نظر کتاب، پیش گفتار کے مطابق مصنف کی ایک زبانی گفت گو کی تحریری شکل ہے۔ کتاب اگر چہ مختصر ہے لیکن اسم با مسمّٰی ہے اور اپنے موضوع کے تمام ضروری پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہے۔ اس میں کوشش کی گئی ہے کہ پاکستان کی ۶۵ سالہ اردو سیرت نگاری کا تاریخی جائزہ ایک نظر میں سامنے آجائے۔ یہی اس کی بڑی خوبی ہے اور علمی خدمت۔

مذکورہ جائزہ مختلف النوع موضوعات کے تحت فہرست کتب کی نشان دہی کے لئے مجموعی طور پر ۱۶، ۱۷ حصوں پر مشتمل ہے۔ مثلاً اہم کتب، قرآن حکیم کی روشنی میں سیرت طیبہ، پی ایچ ڈی کے مقالات، مطالعہ سیرت اور مستشرقین، خواتین کی سیرت نگاری، مقالات سیرت، تراجم کتب سیرت، بچوں کے لئے کتب، سفرنامے، سیرت البم، سیرت کانفرنس، سیرت ایوارڈ یافتہ کتب، رسائل و جرائد وغیرہ۔ کتاب میں عہد بہ عہد سیرت نگاری کے ضمن میں متعلقہ کتب سیرت کا مختصر ضروری تعارف اور تبصرہ بھی کیا گیا ہے، جس سے کتاب کی قدر و قیمت کا بہ آسانی اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوجاتا ہے کہ کتاب کس سطح پر لکھی گئی ہے اور اس کا دائرہ بحث کیا ہے۔ کتاب کے آخر میں مولف نے انتہائی فراخ دلی کے ساتھ ان کتابوں کی نشان دہی بھی کردی ہے جو پاکستان میں سیرت نگاری کے جائزوں پر مشتمل ہیں، اور گویا زیر نظر کتاب کے موضوع کو حسن تکمیل سے مزین کرتی ہیں۔ یہ پیش کش بہ ہر حال مفید اور قابل مطالعہ ہے۔

☆☆☆

نام کتاب: ہجرت خیر البشر

مؤلف: ابو محمد عبد المالک

ناشر: العرب: فون 033-2321684

تبصرہ نگار: سید عزیز الرحمٰن

ہجرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سیرت طیبہ کا مہتم بالشان واقعہ ہے۔ یہی سبب ہے کہ عام کتب سیرت کے ساتھ ساتھ بعض اہل قلم نے علیحدہ سے اس موضوع پر بھی قلم اٹھایا ہے اور کتب تحریر کی ہیں۔ زیر نظر کتاب بھی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت کے حوالے سے متعلقہ تفصیلات کا احاطہ کرتی ہے۔ کتاب پانچ ابواب اور اشاریئے پر مشتمل ہے۔ ابواب کے اعتبار سے موضوعات کی ترتیب یہ ہے۔

۱۔ مقدمات ہجرت